# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 10 December-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/دسمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اراضیات کی خرید وفروخت سے متعلق ٹکڑا بندی قانون کی سخت شرائط میں نرمی کا بل ریاستی اسمبلی میں منظور۔

☆ اسکول اور کالجوں کے احاطے میں پان، تمباکو اور نشہ آور اشیا کی فروخت پر مکوکا لگایا جائے گا، وزیرِ اعلیٰ کی اسمبلی میں اطلاع۔

☆ لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر مباحثے کے دوران حکومت کے کئی فیصلوں پر حزبِ اختلاف کی تنقید۔

☆ 21 دسمبر کو معلّنہ MPSC امتحانات کے نظام الاوقات میں تبدیلی۔

اور۔۔۔☆ پہلے T20 کرکٹ میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 101 رنز سے دی شکست۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ٹکڑا بندی قانون کی سخت شرائط میں نرمی کرنے سے متعلق ایک بل کل اسمبلی میں منظور کرلیا گیا۔ اس قانون کی رُو سے تمام زمین داروں کے نام سات بارہ پر درج ہوسکیں گے اور چھوٹے پلاٹوں کی خرید وفروخت آسان ہوجائے گی۔ وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے اس قانون سے متعلق مزید جانکاری دیتے ہوئے ایوان کو بتایا کہ جن اراضی مالکان نے زمینوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے خریدے ہیں اور ان پر مکانات تعمیر کیے ہیں یا نہیں کیے ہوں انھیں اس قانون کے تحت کوٹیشن حاصل ہوگا۔

اس نئے بل کی منظوری کے بعد ترقیاتی منصوبہ یا علاقائی منصوبے والے علاقوں میں علیحدہ NA کی اجازت کی ضرورت نہیں رہے گی؛ بلکہ اس بل میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ یہ عمل ایک دفعہ ''سرچارج'' ادا کرکے مکمل کیا جاسکتا ہے۔

اسمبلی میں منظورہ شدہ بلوں سے متعلق ہمارے نمائندے سے مزید تفصیلات ملاحظہ کریں:

*''قانون ساز اسمبلی نے عوامی ٹرسٹ قانون میں ترمیم کے بل کو بھی منظوری کرلیا گیا۔ جبکہ قانون ساز کونسل میں بھیک مانگنے پر پابندی کا بل اور گرام پنچایت، ضلع پریشد، پنچایت سمیتی اصلاحی بل کو منظوری دی گئی۔ قانون ساز کونسل نے میونسپل کونسل، نگر پنچایت، صنعتی علاقوں سے متعلق اصلاحاتی بل کو بھی کل منظور کرلیا۔*

*وزیرِ اعلیٰ نے ایوان کو بتایا کہ ریاست میں اسکولس اور کالجز کے احاطوں میں پان، تمباکو اور نشہ آور اشیاء ملنے کے معاملات میں مقدمات درج کیے گئے ہیں اور ایسے معاملات میں قانون میں ترمیم کرکے مکوکا نافذ کیا جائے گا۔ مملکتی وزیرِ داخلہ پنکج بھوئیر نے بتایا کہ تمام میونسپل کارپوریشنز اور میونسپلٹیز کو پان ٹپریوں کو ہٹانے کی ہدایات دے دی گئی ہیں۔*

*وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل اسمبلی کو پھلٹن میں ایک خاتون ڈاکٹر کی خودکشی کے معاملے میں چارج شیٹ داخل کیے جانے کا تیقن بھی دیا۔ وہ وقفۂ سوالات کے دوران ایک سوال کا جواب دے رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ملازمت پیشہ اور کاروبار کرنے والی خواتین کو خصوصی تحفظ فراہم کرنے کی ضرورت ہے اور مرکزی حکومت کے نئے قانون کے مطابق اس کیلئے سخت سزا دی جائے گی۔*

*کل سے ریاست کے تمام سرکاری دفاتر اور محکمہ جات میں یونیک ڈِس ایبلٹی آئی ڈی (یو ڈی آئی ڈی کارڈ) پیش کرنا لازمی کر دیا گیا ہے۔ پسماندہ طبقات اور بہوجن بہبود کے وزیر اتل ساوے نے کل یہ اطلاع دی۔ ساوے نے بتایا کہ **UDID** کارڈ ریزرویشن، عہدوں پر ترقی یعنی پروموشن، مختلف سرکاری مراعات کیلئے لازمی ہے۔*

*وزیر جنگلات گنیش نائک نے اسمبلی کو بتایا کہ ریاست میں کوئی بھی شخص مستقبل میں تیندوے کے حملوں میں جان نہ گنوائے اس کیلئے متعلقہ انتظامیہ کو مستعد کر دیا گیا ہے۔ وہ چیتوں کے حملوں کے حوالے سے توجہ دلاؤ تحریک کا جواب دے رہے تھے۔ نائیک نے بتایا کہ اس سلسلے میں عوامی نمائندوں کا ایک اجلاس منعقد کیا جائے گا۔*

*بھوکر کی رکنِ اسمبلی شری جیا چوان نے کل ایوان میں سرکاری خریداری مراکز پر سویابین کی خریداری کے ضوابط سے متعلق سوال اٹھایا۔ انہوں نے ان قوانین میں نرمی کرنے کا مطالبہ کیا۔"*

***** ***** *****

نو ترتیب شدہ موسم پر مبنی پھلوں سے متعلق فصل بیمہ اسکیم کی رجسٹریشن کی حتمی تاریخ میں 15 دسمبر تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کی اطلاع وزیر زراعت دتا تریہ بھرنے' نے دی۔

***** ***** *****

دریں اثناء سرمائی اجلاس کے دوسرے دن' کل صبح حزبِ اختلاف کے اراکین نے ودھان بھون کی سیڑھیوں پر بیٹھ کر احتجاج کیا۔ حزبِ مخالف اراکین نے کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے، سویابین کی خریداری، کپاس کی درآمد جیسے دیگر مسائل پر حکومت کی کسان مخالف پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے زوردار نعرے بازی کی۔

***** ***** *****

وندے ماترم ترانے کی گولڈن جوبلی صد سالہ تقاریب کے موقعے پر کل پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے دوران راجیہ سبھا میں خصوصی بحث ہوئی۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ وندے ماترم ترانے کے مطالعے سے اس کی عظمت ملک کی آنے والی نسلوں تک پہنچے گی۔ وزیرِ داخلہ شاہ نے اعادہ کیا کہ یہ ترانہ حب الوطنی، ایثار و قربانی اور قومی شعور کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا......

بائٹ۔شاہ

حزبِ اختلاف کے قائد ملکارجن کھرگے، سابق وزیرِ اعظم ایچ ڈی دیوے گوڑا، عام آدمی پارٹی کے سنجئے سنگھ، ڈی ایم کے' کے تروچی شیوا، راشٹریہ جنتا دَل کے منوج کمار جھا، اور دیگر اراکین نے اس بحث میں حصہ لیا اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔**

***** ***** *****

لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی نے انتخابی کمیشن کے ڈھانچے میں حکمراں جماعت کی جانب سے مداخلت کا الزام لگایا ہے۔
لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر بحث کے دوران راہل گاندھی نے یہ الزام لگاتے ہوئے حکومت کے کئی فیصلوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کانگریس کے منیش تیواری نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ فہرست رائے دہندگان پرنظرِ ثانی کی وجوہات کو عام کیا جائے۔ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کی رکن سپریا سولے، شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے انل دیسائی، ڈی ایم کے' کے دیاندھی مارن، ترنمول کانگریس کے کلیان بینرجی، سماج وادی پارٹی کے اکھلیش یادو، شیوسینا کے شری کانت شندے اور دیگر کئی ارکان نے اس بحث میں شامل ہوکر اپنے خیالات ایوان کے سامنے پیش کیے۔

***** ***** *****

شہری ہوابازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ حکومت ہوابازی کے شعبے کو مزید موثر بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔ کل لوک سبھا میں ایک بیان میں نائیڈو نے کہا کہ حکومت انڈیگو کے تمام مسائل پر توجہ دے رہی ہے۔ نائیڈو نے کہا کہ شہری ہوابازی ڈائریکٹوریٹ نے ان تمام مسائل کے تعلق سے IndiGo کو نوٹس جاری کیا ہے اور رپورٹ موصول ہوتے ہی کمپنی کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ نائیڈو نے ایوان کو بتایا کہ فضائی خدمات اپنے معمول پر لوٹ رہی ہے۔
دریں اثنا' شہری ہوابازی ڈائریکٹوریٹ نے IndiGo کو باقاعدہ پروازوں کی تعداد پانچ فیصد تک کم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل نے کمپنی کو آج شام پانچ بجے تک نظرثانی شدہ شیڈول پیش کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

میونسپل کاؤنسل اور نگر پنچایتوں کے انتخابات کی 21 دسمبر کو کی جانے والی ووٹوں کی گنتی، کے پیشِ نظر اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن نے آئندہ دو مشترکہ ابتدائی امتحانات کے نظام الاوقات میں تبدیلی کی ہے۔ 21 دسمبر کو ہونے والا گروپ بی کا نان گزٹیڈ جوائنٹ پرائمری امتحان اب 4 جنوری کو لیا جائے گا' جبکہ گروپ 3 کا مشترکہ ابتدائی امتحان 11 جنوری کو ہوگا۔ یہ اطلاع کمیشن کی طرف سے جاری کردہ صحافتی بیان میں دی گئی۔

***** ***** *****

بھارت اور جنوبی افریقہ کے مابین جاری ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کا پہلا ٹی ٹوئنٹی میچ بھارت نے 101 رنز سے جیت لیا۔ بھارتی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے چھ وکٹوں کے نقصان پر 175 رنز بنائے۔ جواب میں جنوبی افریقی ٹیم کی اننگز صرف 74 رنوں پر سمٹ گئی۔ مین آف دی میچ ہاردک پانڈیا نے آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کی جیت کو آسان بنادیا۔ ارشدیپ سنگھ، جسپریت بمراہ، ورون چکرورتی اور اکشر پٹیل نے فی کس 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔ سیریز کا دوسرا میچ کل جمعرات کو چندی گڑھ میں، تیسرا میچ دھرم شالہ میں، چوتھا میچ لکھنؤ اور آخری میچ احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے کے سائی میں ولاس راؤ دیشمکھ فاؤنڈیشن کی جانب سے جاری ایک مفت سلائی تربیتی کیمپ حال ہی میں اختتام پذیر ہوا۔ خواتین کو بااختیار اور خودکفیل بنانے کے اس اقدام میں کامیابی سے تربیت مکمل کرنے والی 63 خواتین کو سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

میونسپل کارپوریشن کے آئندہ عام انتخابات کیلئے بلاک وائز رائے دہندگان فہرستیں شائع کرنے کی معیاد میں پانچ دن یعنی 15 دسمبر تک توسیع کردی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجہ حرارت ایوت محل میں آٹھ اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ جبکہ جلگاؤں میں نو اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس، اہلیانگر میں نو اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیس درجۂ حرارت درج ہوا۔ اسی طرح مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر میں 10 ڈگری سیلسیس، بیڑ اور پربھنی میں 10 ڈگری سیلسیس جبکہ لاتور میں گیارہ اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس درجۂ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اراضیات کی خرید وفروخت سے متعلق ٹکڑا بندی قانون کی سخت شرائط میں نرمی کا بل ریاستی اسمبلی میں منظور۔

☆ اسکول اور کالجوں کے احاطے میں پان، تمبا کو اور نشہ آور اشیا کی فروخت پر مکوکا لگایا جائے گا، وزیر اعلیٰ کی اسمبلی میں اطلاع۔

☆ لوک سبھا میں انتخابی اصلاحات پر مباحثے کے دوران حکومت کے کئی فیصلوں پر حزبِ اختلاف کی تنقید۔

☆ 21 دسمبر کو معلّنہ MPSC امتحانات کے نظام الاوقات میں تبدیلی

اور۔۔۔☆ پہلے T20 کرکٹ میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 101 رنز سے دی شکست۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****